## ہیپاٹائٹس سی کیا ہے؟

ہیپاٹائٹس سی جگر کے انفیکشن کی تین اقسام میں سے ایک ہے (باقی دو اے اور بی ہیں) یہ واحد قسم ہے جس کی ابھی تک کوئی ویکسین دریافت نہیں ہوئی۔ کیوبک میں اس بیماری کے مریضوں کو اس مرض کے بارے میں بتانا بہت ضروری ہے۔ ہیپاٹائٹس سی کا وائرس 5 سے 7 ہفتے تک جسم سے باہر زندہ رہنے کے قابل ہوتا ہے۔

## ہیپاٹائٹس سی کا پھیلاؤ:

ساری دنیا میں تقریباً 71 ملین افراد ہیپاٹائٹس سی کے مستقل کیریئر ہیں اور زیادہ تر افراد اس سے ناواقف ہیں۔ یہ بیماری آہستہ آہستہ بڑھتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس کی علامات خود بخود ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور علامات ظاہر ہونے سے پہلے ہی جگر مکمل بے کار ہو چکا ہوتا ہے۔

کچھ خاص ممالک میں ہیپاٹائٹس سی کے کیریئر کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

- ✓ الجیریا
- ✓ بنگلہ دیش
- ✓ چائنہ
- ✓ مصر
- ✓ یونان
- ✓ اٹلی
- ✓ پاکستان
- ✓ صومالیہ
- ✓ ویت نام
- ✓ فلپائن

ان ممالک میں یا تو ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ کی شرح زیادہ ہے، یا اُن کی آبادی کا بڑا حصہ ہیپاٹائٹس سی کے ساتھ زندہ ہے۔

اس لئے، اگر آپ ایسے علاقوں میں جاتے ہیں جہاں یہ بیماری لگنے کی شرح زیادہ ہے، یہ آپ کیلئے بہتر ہوگا کہ آپ ایک سکرین ٹیسٹ کروائیں تاکہ آپ اس کی بیماری سے بچ سکیں اور غیر ارادی طور پر دوسروں میں منتقل نہ ہو۔

کینیڈا میں تقریباً ڈھائی لاکھ افراد ہیپاٹائٹس سی کا شکار ہیں اور ان میں زیادہ تر لاعلم ہیں کہ وہ اس مرض میں مبتلا ہیں۔

## ہمیں کیا کرنا چاہیے اگر ہم ایک فیملی ڈاکٹر نہیں رکھتے؟

ہیپاٹائٹس سی کا مفت اور رازدارانہ ٹیسٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کال کر سکتے ہیں۔514-934-0505، ایکسٹینشن 7406

## ہیپا ٹائٹس سی کا وائرس کیسے منتقل ہوتا ہے؟

میڈیکل اور ڈینٹل علاج کے لئے جو آلات استعمال ہوتے ہیں انہیں مناسب طور پر سٹرلائیز نہیں کیا جاتا۔خاص طور پر اُن ممالک میں جن کا پہلے ذکر کیا گیا ہے۔

- ☆ ہیپا ٹائٹس سی کے مریض کے خون سے۔
- ☆ پہلے سے استعمال شدہ ہائپوڈرمک سوئیاں یا ایسی چیزیں جو جلد کے اندر پیوست ہوسکیں۔
- ☆ اکثر اوقات ڈلیوری کے دوران ماں سے بچے میں منتقل ہوتی ہیں۔

## اس کی دو حالتیں ہیں:

- ☆ ایک شدید حالت جو کہ بیماری لگنے سے 6 ماہ تک رہتی ہے۔اس حالت کے دوران ایسے شخص میں اگر یہ علامات نمایاں نہیں ہوتی پھر بھی وہ شخص یہ وائرس دوسروں میں منتقل کرسکتا ہے۔
- ☆ ایک دائمی حالت جو کہ 6 ماہ سے زیادہ ہوتی ہے جو کہ پیچیدگیاں پیدا کرسکتی ہے جیسا کہ جگر کا کینسر یا سر روسیس۔

## علامات:

ہیپا ٹائٹس سی کے متعلق عام علامات مندرجہ ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ بھوک کا نہ لگنا | ☆ جوڑوں اور پٹھوں کا درد | ☆ وزن کا کم ہونا | ☆ نیند کا بہت زیادہ ہونا |
| ☆ تھکاوٹ | ☆ نیند کا کم ہونا | ☆ بے چینی، خفگی | ☆ سر درد |
| ☆ متلی | ☆ پیچش | ☆ یرقان | ☆ ذہنی دباؤ |

☆ تیزی سے بدلتے ہوئے جذبات ☆ نزلے کی طرح کی علامات

## کیسے پتہ چلے گا ایک شخص اس مرض کا کیرئیر ہے؟

یہ جاننے کے لئے کہ اگر آپ HCV کے کیرئیر ہیں۔آپ کو ڈاکٹر سے ٹیسٹ کروانا چاہیے اور پھر آپ کو اپنے لوکل کمیونٹی سروس سنٹر جانا چاہیے۔ لیبارٹری میں آپ کے خون کے نمونے کا ٹیسٹ ایک واحد طریقہ ہے کہ آپ جان سکیں کہ آیا آپ HCV وائرس کے کیرئیر ہیں یا نہیں۔دو طرح کے ٹیسٹ درکار ہیں یہ جاننے کیلئے کہ آپ کو ہیپا ٹائٹس سی ہے یا نہیں۔

- ☆ پہلا ٹیسٹ یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ ماضی میں ہیپا ٹائٹس سی کے شکار رہے تھے یا نہیں۔پہلا ٹیسٹ یہ یقین دہانی نہیں کرواسکتا کہ آپ ابھی بھی اس مرض کا شکار ہیں یا نہیں۔
- ☆ دوسرا ٹیسٹ یہ جاننے کیلئے ضروری ہے کہ یہ وائرس آپ کے جسم میں کارگر ہے۔
- ☆ اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔سکرین ٹیسٹ ممکن ہے اور ایک ایسا علاج ہے جو آپ کو بچا سکتا ہے

## ہمیں کیا کرنا چاہیے اگر ہم ایک فیملی ڈاکٹر نہیں رکھتے؟

ہیپا ٹائٹس سی کا مفت اور رازدارانہ ٹیسٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کال کرسکتے ہیں۔514-934-0505، ایکسٹینشن 7406

## مجھے ہیپا ٹائٹس سی کا ٹیسٹ کیوں کروانا چاہیے؟

بعض اوقات ہیپا ٹائٹس سی کی علامات سالوں تک ظاہر نہیں ہوتی اس لئے اس کا ٹیسٹ بہت ضروری ہے کیونکہ جب اس کی علامات ظاہر ہوتی ہیں تب تک جگر بہت زیادہ خراب ہو چکا ہوتا ہے۔

آپ کو ٹیسٹ کروانا چاہیے اگر اس کے مریض کے خون سے آپ کا واسطہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں ہم آپ کو ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیں گے:

- ☆ اگر آپ میں 1987 سے پہلے خون کے لوتھڑے بننے کے فیکٹرز موجود ہوں۔
- ☆ اگر آپ نے 1992 سے پہلے خون لگوایا ہو بلڈ پلازما پروڈکٹس یا آرگن ٹرانسپلانٹ کروایا ہو۔
- ☆ اگر آپ نے HCV کے مریض سے خون، پلازما پروڈکٹ یا آرگن ٹرانسپلانٹ کیلئے لیا ہو۔
- ☆ اگر آپ حادثاتی طور پر ایسے خون یا اشیاء چھو لیں جو HCV سے آلودہ ہو مثال کے طور پر آلودہ سوئی اٹھاتے ہوئے آپ کو چبھ جائے۔
- ☆ آگر آپ نے مریض کی استعمال شدہ اشیاء بہت عرصہ پہلے بھی ایک بار استعمال کی ہوں مثال کے طور پر سوئی، چمچ، پائپ اور شراب وغیرہ
- ☆ اگر آپ نے کسی مریض کی ایسی آلودہ اشیاء استعمال کی جو ادویات کے سونگنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں جیسا کہ سٹرا اور بینک نوٹ
- ☆ اگر آپ نے کوئی ٹیٹو یا چھدوانے والا کام نامناسب سٹرلائیز حالات میں کروایا ہو۔

## ہمیں کیا کرنا چاہیے اگر ہم ایک فیملی ڈاکٹر نہیں رکھتے؟

ہیپا ٹائٹس سی کا مفت اور رازدارانہ ٹیسٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کال کر سکتے ہیں۔514-934-0505، ایکسٹینشن 7406

## توجہ فرمائیں:

- ☆ ہیپاٹائٹس سی کا ٹیسٹ کینیڈا آنے سے پہلے میڈیکل ٹیسٹ میں شامل نہیں ہے۔
- ☆ اپنے ڈاکٹر سے جتنی جلدی ہو سکے مشورہ کریں۔

## کیا کوئی موثر علاج ہے؟

جی ہاں! ہیپاٹائٹس سی کے علاج کے لئے ایک میڈیکل نسخے کی ضرورت ہے کیو بک میں ایک عام ڈاکٹر اس قابل ہے کہ وہ آپ کو ایک مناسب علاج تجویز کر سکے یا حالات کے مطابق آپ کو ایک ماہر ڈاکٹر کے پاس بھیج سکے۔

آج کل علاج کا دورانیہ تقریباً 12 ہفتے ہے اور یہ آج کل ماضی سے زیادہ موثر ہے۔ اگر آپ اہل ہیں تو زیادہ تر علاج RAMQ کی زیرنگرانی ہیں۔

براہ مہربانی یہ یاد رکھیں کہ ہیپا ٹائٹس سی کے علاج کے بعد کوئی ویکسین یا مدافعت کارگر نہیں۔ اس علاج کے بعد بہت سے مریض صحت یاب ہوئے ہیں لیکن پھر بھی کوئی بھی مریض دوبارہ اس کا شکار ہو سکتا ہے۔

## ہمیں کیا کرنا چاہیے اگر ہم ایک فیملی ڈاکٹر نہیں رکھتے؟

ہیپاٹائٹس سی کا مفت اور رازدارانہ ٹیسٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کال کر سکتے ہیں۔ 514-934-0505، ایکسٹینشن 7406